قیمت سالانہ اٹھارہ روپے ماہوار ڈیڑھ روپیہ

مدینۃ المسیح

قادیان ۲۹ رماہ شہادت۔ سیدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالے بنصرہ العزیز کے متعلق سات بجے شام کی اطلاع مظہر ہے۔ کہ حضور کو ضعف قلب کی تکلیف بدستور ہے۔ احباب دعائے صحت فرمائیں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت خدا تعالےٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمدللہ

صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب تاحال بیمار ہیں۔ انکی صحت کے لئے دعا کی جائے

خان صاحب منشی برکت علی صاحب جوائنٹ ناظر بیت المال دو ماہ کی رخصت کے بعد واپس آگئے ہیں اور چارج لے لیا ہے۔

کل صدر انجمن احمدیہ کے تمام دفاتر اور سکول صاحبزادہ مرزا خلیل احمد صاحب کی شادی کی خو[شی]

جلد ۳۵ | ۳۰ رماہ شہادت ۱۳۲۶ھش | ۸ رجمادی الثانی ۱۳۶۶ھ | ۳۰ اپریل ۱۹۴۷ء | نمبر ۱۰۲

متبرک خونریزی

(۵) جماعت صالحین اور با اقتدار امیر

امین احسن اصلاحی صاحب نے دوسری اور تیسری شرط جو متبرک خونریزی کے لئے ضروری بتائی ہیں۔ ان میں سے دوسری یہ ہے کہ یہ جنگ صالحین کے ذریعہ لڑی جائے۔ اور تیسری یہ کہ یہ جنگ ایک با اختیار یا اقتدار امیر کی قیادت وامارت میں لڑی جائے۔ ظاہر ہے۔ کہ جس قسم کے جہاد بالسیف کی مسلمانوں کو اجازت ہے۔ اور جس کی کسی قدر تشریح ہم پہلی اقساط میں کر چکے ہیں۔ اس میں حصہ لینے والے صالحین ہی ہوں گے۔ کیونکہ اگر وہ صالحین نہ ہوں۔ تو کفار کو ان پر حملہ کرنے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ اور خود غیر صالح انسان ایسی جنگ میں حصہ ہی کیوں لینے لگا۔ لیکن اگر اصلاحی صاحب کا یہ مطلب ہے۔ اور یقیناً ان کا یہی مطلب ہے کہ صالحین ایک جمعیت اکٹھی کر کے غیر اسلامی حکومتوں کا سیاسی اقتدار چھیننے کے لئے اٹھ کھڑے ہوں۔ تو افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے۔ کہ ایسی جمعیت کو صالحین کی جمعیت کہنا ہی لفظ صالحین کی ہتک ہے۔

یہ تو نعوذ باللہ کھلم کھلا ایک ڈاکوؤں کا گروہ ہوگا نہ کہ صالحین کا۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ایسی جمعیت نہیں بن سکتی۔ جو صرف اللہ کے راستے میں تلوار اٹھائے اور اس کے قتال میں نفسانیت کا ذرا تعلق نہ ہو۔ ضرور بن سکتی ہے۔ لیکن یہ کہنا کہ ایسی جمعیت معرض وجود میں آکر غیر اسلامی اقتدار لوٹنے کا اقدام کرے گی۔ اور اس کا یہ اقدام جہاد فی سبیل اللہ ہے۔ ہمیں اس کے تسلیم کرنے میں کلام ہے صالحین کا یہ تو کام ہو سکتا ہے۔ کہ وہ پرامن ذرائع سے نظام باطل کے قیام کو دنیا میں ناممکن بنانے کی کوشش کریں۔ اور اسلامی اصولوں کی ذاتی برتری کا ایسا سکہ بٹھا دیں۔ کہ دنیا ان اصولوں کو اختیار کرنے پر مجبور ہو جائے۔ اور اس طرح اسلامی شریعت پر حکومتیں قائم ہو جائیں۔ مگر یہ کہ یہ صالحین تلواروں سے نظام باطل پر حملہ کریں اسلامی اصول نہیں فاشزم ہے یا بالشوزم۔ ہاں اگر ناحق ایسی جمعیت کو مٹانے کے لئے کوئی حکومت اٹھ کھڑی ہو۔ اور کسی طرح باز نہ آئے۔ تو اسلامی تلواروں کو میان سے باہر آنے کی اجازت ہے۔

اصلاحی صاحب کو جو غلطی لگی ہے وہ صدر اول کی تاریخ کو غلط زاویے سے مطالعہ کرنے کی وجہ سے لگی ہے۔ اگر آپ اس ماحول کو سیدھی نظر سے مطالعہ فرماتے۔ جس میں سرور کائنات خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بنائی ہوئی اسلامی جماعت کو قتال کی اجازت ہوئی تھی۔ تو آپ یہ غلط نتائج برآمد نہ کرتے۔ اس کے لئے آپ کو زیادہ دور نہیں جانا پڑتا تھا۔ خود قرآن کریم میں وہ وجوہات تفصیل سے بیان کر دی گئی ہیں۔ جو جواز قتال کا باعث ہوئیں۔ اللہ تعالےٰ نے اس منزل کے ہر موڑ پر اپنی آیات بینات کے چراغ روشن کر رکھے ہیں۔ صرف آنکھیں کھول کر چلنے کی ضرورت ہے۔

ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ سرور کائنات خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے مدینہ کو اس لئے ہجرت نہیں کی تھی۔ کہ وہاں صالحین کی ایک جماعت اکٹھی کر کے اردگرد کی حکومتوں پر حملہ کیا جائے گا۔ آپ کی ذات ایسی بدنیتوں سے بالکل منزہ وپاک ہے۔

اصلاحی صاحب نے انبیاء علیہم السلام پر یہ سخت اتہام لگایا ہے۔ کہ انبیاء علیہم السلام میں سے کسی نے بھی اس وقت تک جہاد کا اعلان نہیں کیا۔ جب تک انہوں نے ہجرت کر کے اپنی جماعت کو کسی آزاد علاقہ میں منظم نہیں کر لیا۔" آپ کے نظریہ جہاد کے مطابق اسلامی جماعت کا امیر بھی دنیاوی لیڈروں کی طرح ہی حکومت کی توسیع کے لئے جبر کا استعمال کرتا ہے۔ فرق صرف اتنا ہوتا ہے۔ کہ دنیاوی لیڈر کا مقصد اپنی قوم کے لئے محض دنیاوی فوائد حاصل کرنا ہوتا ہے۔ مگر اسلامی لیڈر اللہ تعالےٰ کی حکومت کے قیام کے لئے جبر اختیار کرتا ہے۔ اس طرح جبر جو فی نفسہ ایک ناروا چیز ہے مقدس چیز بن جاتا ہے۔ یعنی بدی نیکی بن جاتی ہے۔ یہ اسی طرح کی بات ہے۔ جیسا کہ بیان کرتے ہیں۔ کہ کوئی شخص بکریاں چوری کرنے کا عادی تھا۔ ان کو ذبح کر کے گوشت خود استعمال کر لیتا۔ اور کھال صدقہ کر دیا کرتا۔ کسی نے اس کا سبب پوچھا تو کہا کہ چوری کرنے کا گناہ صدقہ کے عوض میں چلا جاتا ہے۔ اور گوشت نفع میں بچ رہتا ہے۔ آپ کے اسلامی امیر کو بھی اسی طرح حکومت تو نفع میں مل جاتی ہے۔ اور بے گناہوں کو ذبح کرنے کا گناہ فی سبیل اللہ کے پانی سے دھل جاتا ہے۔

ہم پہلے عرض کر چکے ہیں۔ کہ ان مقدس شرائط کے وضع کرنے کی ضرورت اس

ایڈیٹر:۔ روشن دین تنویر

بھائی عبدالرحمن صاحب قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھاپا اور قادیان سے شائع کی

واسطے لاحق ہوئی ہے۔ کہ اپنے موجودہ تعامل کو جائز ثابت کیا جائے۔

آپ دیکھتے ہیں کہ تمام دنیا پر باطل کا نظام ایسی مضبوطی سے مسلط ہو چکا ہوا ہے۔ کہ اس نظریہ جہاد کے مطابق ایک انچ بھی آگے نہیں بڑھا جا سکتا۔ ان شرائط کی وجہ سے یہ آپ ہی اپنی تردید بن گیا ہے۔ بفرض محال اگر مان بھی لیا جائے۔ کہ مودودی صاحب کا نظریہ ہی درست ہے۔ تو خود یہ کڑی شرائط پکار پکار کر کہہ رہی ہیں۔ کہ موجودہ حالت میں اس نظریہ کو مسلمانوں کے سامنے پیش کرنا ان کو تباہی کی طرف رہنمائی کرنا ہے۔ آج کل کی دنیا میں مقتدر امیر تو وہی ہو سکتا ہے۔ جس کو موجودہ قسم کے سامانِ جنگ پر دسترس حاصل ہو۔ ظاہر ہے کہ صالحین کی جماعت تو کیا موجودہ مسلمان کہلانے والی تمام دنیا اس لحاظ سے کس پستی میں ہے۔ جب تک ان اقوام کو جن کے ہاتھ میں آج طاقت ہے۔ صالحین کی جماعت میں شامل نہ کیا جائے۔ یہ نظریہ جہاد خیالی پلاؤ پکانے کے سوا اور کوئی وقعت نہیں رکھتا۔ ان اقوام کو صالحین بنانے کے لئے جس جہاد کی ضرورت ہے۔ اس میں جبر کا وعظ تضییع اوقات ہی نہیں۔ بلکہ سخت خطرناک اور تبلیغ اسلام کے لئے روک ہے۔ ان شرائط کے لحاظ سے بھی آج جو جہاد ہو سکتا ہے۔ وہ وہی ہے۔ جس پر خدا کے مسیح موعود علیہ السلام نے زور دیا اور جس کی طرف آج سے پچاس سال پہلے آپؑ نے مسلمانوں کو توجہ دلائی تھی۔ اور صاف فرما دیا تھا۔ کہ جہاد بالسیف کی شرائط آج موجود نہیں ہیں۔ اس لئے صالحین کی ایک ایسی جماعت بنائی جائے۔ جو قرآن کریم ہاتھوں میں لیکر دنیا کے طول و عرض میں پھیل جائے۔ خدا کے فضل سے ایسی جماعت بن چکی ہوئی ہے۔ جو آپ کے بتائے ہوئے لائحہ عمل پر گامزن ہے۔ یقیناً اب کوئی جماعت کوئی مفید کام نہیں کر سکتی۔ جب تک وہ حضرت

اخبارِ احمدیہ

درخواستہائے دعاء (۱) عبدالجلیل صاحب احمدی مردان کی لڑکی اور بھتیجی بیمار ہیں (۲) مرزا محمد خاں صاحب محلہ دارالرحمت کی اہلیہ صاحبہ ٹائیفائیڈ سے بیمار ہیں۔ (۳) محمد خاں صاحب ملک دہلی بی۔ اے کا امتحان دے رہے ہیں۔ (۴) عبد اللہ خاں صاحب ملوٹ ضلع جہلم کے بھائی سخت بیمار ہیں۔ (۵) افتخار الرسول صاحب غازی آباد عہدہ میں ترقی کے خواہاں ہیں۔ (۶) مولوی محمد رمضان صاحب لاہور عرصہ سے بیمار ہیں۔ (۷) شیخ اشتیاق علی صاحب دہلی شدید بیمار ہیں۔ (۸) ڈاکٹر نور احمد صاحب لائلپور بعارضہ فالج بیمار ہیں۔ (۹) عبدالرحیم صاحب پراچہ دارالبرکات کی اہلیہ صاحبہ عرصہ سے بیمار ہیں۔ اور سیالکوٹ میں زیر علاج۔ (۱۰) میرے بہنوئی حکیم سردار محمد صاحب ڈگری (سندھ) کے دو بچے بعارضہ ٹائیفائڈ بیمار ہیں۔ عبداللطیف پروپرائیٹر باڈی بیلڈنگ سٹریز قادیان۔ احباب سب کے لئے دعا فرمائیں۔

ولادت قریشی عطاء المنان صاحب قادیان کے ہاں ۱۵ اپریل کو بفضلہ تعالیٰ لڑکی تولد ہوئی۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ نے مومنہ بیگم نام تجویز فرمایا۔ احباب نومولودہ کی صحت و درازیٔ عمر کے لئے دعا فرمائیں۔

وفات (۱) افسوس میاں فضل الدین صاحب حجام ۲۶ اپریل ۴۷ء بروز سنیچر وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابی اور موصی تھے۔ ۲۷ اپریل کو بہشتی مقبرہ میں دفن کئے گئے۔ احباب دعائے مغفرت فرمائیں۔ محمد حسین

(۲) ملک نواب خاں صاحب ڈسپنسر ریلوے ہسپتال لدھیانہ مورخہ ۱۶ ؍ ۴۷ء فوت ہو گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم خوش خلق اور جوشیلے احمدی تھے۔ اللہ تعالیٰ مغفرت کرے۔ غلام نبی جلد ساز لدھیانہ

(۳) میری والدہ صاحبہ بتاریخ ۱۹ اپریل اپنے مولیٰ حقیقی سے جا ملیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ احباب دعائے مغفرت کریں۔ عبدالسمیع خاں۔

(۴) میری والدہ ماجدہ طویل علالت کے بعد بتاریخ ۳ اپریل منٹگمری میں وفات پا گئیں۔ احباب دعا فرمائیں۔ کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوارِ رحمت میں جگہ دے۔ نور احمد عابد براہیمی۔

(۵) افسوس میرے چچا حوالدار عنایت اللہ کھٹہ ۸/۱۵ پنجاب رجمنٹ سکنہ چک ۵۶۵ گ۔ب ضلع لائل پور ...

صاحبزادہ مرزا خلیل احمد صاحب کی شادی پر جماعت احمدیہ انگلستان کا ہدیۂ تبریک

لنڈن ۲۸ ماہ اپریل۔ مکرم جناب چودھری مشتاق احمد صاحب باجوہ امام مسجد احمدیہ لنڈن بذریعہ تار مبارکباد پیش کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ صاحبزادہ مرزا خلیل احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کی تقریب شادی پر جماعت احمدیہ انگلستان حضرت ام المومنین مدظلہا العالی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب۔ خاندان حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ عنہ اور صاحبزادہ مرزا خلیل احمد صاحب کی خدمت اقدس میں دلی جذبات کے ساتھ ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔ اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ جانبین کے لئے مبارک کرے۔ اور مثمر ثمراتِ حسنہ بنائے۔ آمین۔

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ کا ارشاد

جو شخص کسی مقدمہ میں کوئی درخواست میرے پاس دے۔ یا بذریعہ ڈاک چٹھی بھیجے۔ تو ضروری ہوگا۔ کہ وہ اس میں آخر پر یہ نوٹ کرے۔ کہ یہ میں نے اپنے ہاتھ سے لکھا ہے۔ اور یہ میرا منشا ہے۔ لیکن اگر اس کا لکھنے والا کوئی اور ہو تو وہ (لکھنے والا) یہ تصدیق کرے۔ کہ یہ درخواست یا چٹھی میں نے لکھی ہے۔ اور اس میں میں نے درخواست دہندہ کے منشا کو ہی لکھا ہے۔ ۲۱ ؍ ۴۷ء

خاکسار مرزا محمود احمد (خلیفۃ المسیح الثانی)

تم نے کیا دیکھ لیا؟

ہم نے احمدؑ کی اطاعت میں خدا دیکھ لیا
منتظر جس کے نظارہ کا تھا صدیوں سے جہاں
لوگ کہتے تھے کہ عیسیٰ ہے فلک پر زندہ
آگیا احمدؑ موعود مسیحا بن کر
سارے نبیوں کو جو دنیا میں کبھی تھے گذرے
جملہ نبیوں کا جو مظہر تھا وہ موعود نبی
وہ محمدؐ جسے سب مانتے ہیں فخر رسل

وحی و الہام کا بھی لطف و مزا دیکھ لیا
شکر صد شکر کہ وہ ماہ لقا دیکھ لیا
ہم نے کشمیر میں خود دفن ہوا دیکھ لیا
ہم نے خود آنکھ سے وہ مردِ خدا دیکھ لیا
ہم نے پیراہنِ احمدؑ میں چھپا دیکھ لیا
بزمِ اصحاب میں خود جلوہ نما دیکھ لیا
ہم نے آئینۂ احمدؑ میں کھلا دیکھ لیا

اب کوئی خوف نہیں موت کا یوسف مجھکو
قادیاں دیکھ لیا۔ دار شفا دیکھ لیا

۱۱ اپریل ۴۷ء کو لمبی بیماری کے بعد وفات پا کر اپنے مولائے حقیقی سے جا ملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مخلص احمدی تھے۔ اور اپنے دل میں خدمتِ دین کے بہت ارادے رکھتے تھے۔ دعائے مغفرت کریں۔ حمید علی ظفر احمدی۔

دعائے نعم البدل (۱) میرا لڑکا رضوان اکبر بعمر سات ماہ بعارضہ اسہال فوت ہو گیا۔ احباب نعم البدل کے لئے دعا کریں۔ حوالدار سید بابر علی اکبر سیال ضلع سیالکوٹ۔ (۲) میرا لڑکا مورخہ ۲۲ ؍ ۴۷ء کو فوت ہو گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ دعائے مغفرت کی جائے۔ نصر اللہ خاں احمدی چک ۱۰۲ ریاست بہاولپور۔

ترسیل زر اور انتظامی امور کے متعلق مینیجر الفضل کو مخاطب کیا جائے۔ ایڈیٹر

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا

ایک کشف

کھٰیٰعص میں حضور کا بھی ذکر کیا گیا ہے

مکرم جناب مولوی محمد یعقوب صاحب مولوی فاضل

۱۹۴۴ء کے شروع میں جب حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہاماً بتایا گیا کہ حضور ہی مصلح موعود کی پیشگوئی کے مصداق ہیں۔ تو ایک دن جبکہ حضور مجلس عرفان میں رونق افروز تھے۔ حضور نے اس عاجز سے فرمایا کہ حضور کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بتایا گیا تھا کہ [illegible] کھٰیٰعص میں میرا ذکر بھی آتا ہے۔ اور یہ کشف غالباً "الفضل" میں شائع ہو چکا ہے۔ "الفضل" کے فائلوں میں سے یہ کشف تلاش کر کے میرے سامنے پیش کیا جائے۔ میں نے حضور کے اس ارشاد پر "الفضل" کے گذشتہ فائل دیکھے۔ مگر مجھے افسوس ہے کہ یہ کشف مجھے نہ ملا۔ آخر مجھے خیال آیا کہ چونکہ حضور نے یہ کشف کسی ایسے موقعہ پر بیان فرمایا ہو جب الفضل کا کوئی نمائندہ موجود نہ ہو۔ مجھے چاہیئے کہ میں بزرگان سلسلہ سے یہ امر دریافت کروں۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا۔ اور مجھے خوشی ہے کہ اس سلسلہ میں مجھے حضرت مولوی شیر علی صاحب کی ایک روایت مل گئی۔

اس دفعہ جب حضور سندھ تشریف لے گئے تو ایک دن میں نے حضرت مولوی شیر علی صاحب سے عرض کیا کہ آپ اس بارہ میں اپنی شہادت قلمبند فرمائیں میں اسے حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں پیش کر دوں گا۔ اور پھر حضور کے ملاحظہ اور نظر ثانی کے بعد اسے الفضل میں شائع کرا دیا جائے گا۔ تاکہ سلسلہ کے لٹریچر میں یہ کشف محفوظ ہو جائے۔ میری درخواست پر حضرت مولوی شیر علی صاحب نے حسب ذیل روایت مجھے بصورت تحریر بھجوا دی:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بخدمت مکرمی مولوی محمد یعقوب صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کے ارشاد کے مطابق حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کے کشف [illegible] کھٰیٰعص کے متعلق جس قدر مجھے یاد ہے لکھ دیتا ہوں۔ امید ہے کہ حضور ایدہ اللہ کو خود یہ کشف یاد ہوگا۔ اور حضور خود اس کی تصحیح اور تکمیل فرما دیں گے۔

حضور جب ایک دفعہ سندھ کے سفر سے واپس تشریف لائے۔ اور جماعت کے دوست حضور کے استقبال کے لئے موڑ کی طرف گئے۔ اور حضور موٹر سے اتر آئے۔ اس وقت حضور نے فرمایا کہ میں نے راستہ میں ریل میں کھٰیٰعص کے متعلق ایک نظارہ دیکھا۔ جس میں بتایا گیا کہ کھٰیٰعص میرا نام ہے۔ میرے سامنے فرشتوں یا آدمیوں کے گروپ آئے۔ پہلا گروپ حرف کاف کا تھا۔ دوسرا ھا کا اس طرح باری باری تمام حروف گروپس ک ھ ی ع ص کی شکل میں میرے سامنے نمودار ہوئے اور مجھے بتایا گیا کہ یہ میرا نام ہے۔

اس قدر اس کے متعلق مجھے یاد ہے۔ پورے طور پر یاد نہیں رہا۔ حضرت مولوی سید محمد سرور شاہ صاحب بھی وہاں تھے شاید انہیں یاد ہو۔ والسلام

خاکسار شیر علی عفی عنہ

"تبلیغ ۱۳۲۶ ہش"

حضرت مولوی شیر علی صاحب نے چونکہ اس روایت میں حضرت مولوی سید محمد سرور شاہ صاحب کا بھی ذکر کیا تھا۔ اور اس خیال کا اظہار فرمایا تھا۔ کہ ممکن ہے یہ کشف انہیں بھی یاد ہو۔ اس لئے میں نے حضرت مولوی سید محمد سرور شاہ صاحب سے بھی اس بارہ میں استفسار کیا۔ مگر حضرت مولوی صاحب نے فرمایا۔ کہ مجھے یاد نہیں۔

حضرت مولوی شیر علی صاحب نے یہ بھی فرمایا تھا۔ کہ یہ کشف بہت پرانا ہے اور غالباً سفر یورپ سے واپسی کے بعد حضور نے جو سفر سندھ اختیار فرمایا تھا۔ اس میں حضور کو یہ کشف دکھایا گیا تھا۔

چند دن ہوئے میں نے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی خدمت میں ایک عریضہ تحریر کیا جس کا مضمون یہ تھا کہ

"حضور کو ایک دفعہ کشفی حالت میں یہ بتایا گیا تھا۔ کہ کھٰیٰعص میں حضور کا نام بیان کیا گیا ہے۔ مگر یہ کشف سلسلہ کے لٹریچر میں تا حال شائع نہیں ہوا۔ میں نے الفضل کے گذشتہ فائل دیکھ لئے ہیں۔ ان میں مجھے یہ کشف کہیں دکھائی نہیں دیا۔ چونکہ یہ کشف نہایت اہم ہے۔ اسلئے میں نے حضرت مولوی شیر علی صاحب کی خدمت میں جنہوں نے حضور کی زبان سے یہ کشف سنا عرض کیا تھا۔ کہ وہ اس بارہ میں اپنی شہادت تحریر فرما دیں۔ چنانچہ حضرت مولوی صاحب نے میری درخواست پر جو کچھ تحریر فرمایا۔ وہ حضور کے ملاحظہ کے لئے ارسال خدمت ہے۔ میری گزارش ہے کہ حضور اس پر نظر ثانی فرما دیں تاکہ یہ کشف "الفضل" میں شائع کرا دیا جائے اور سلسلہ کے لٹریچر میں محفوظ رہے۔"

میرے اس عریضہ پر حضور نے تحریر فرمایا۔

"میرے ایک خطبہ میں یہ موجود ہے۔ جو سندھ سے واپسی پر دیا گیا ہے۔ مجھے اس وقت صرف اتنا یاد رہا ہے۔ کہ کھٰیٰعص میں میرا ذکر بھی ہے۔"

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا ارشاد مبارک اور حضرت مولوی شیر علی صاحب کی روایت دونوں کو اخبار میں اس لئے شائع کیا جا رہا ہے تاکہ یہ کشف سلسلہ کے لٹریچر میں محفوظ ہو جائے۔ اگر یہ کشف الفضل میں شائع ہو چکا ہے۔ اور سہواً میری نظر سے نہیں گذرا۔ تب بھی اس کی اشاعت کسی نقصان کا موجب نہیں۔ اور اگر یہ کشف اب تک شائع نہیں ہوا تو اس صورت میں اس کشف کا احباب کے علم میں آنا نہایت ضروری تھا۔ اور اسی لئے یہ چند سطور لکھی گئی ہیں۔

یکم مئی بروز جمعرات روزہ رکھا جائے

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سات نفلی روزے رکھنے کا جو ارشاد فرمایا ہے۔ اس کے سلسلے میں ساتواں روزہ مورخہ یکم مئی بروز جمعرات رکھا جائے۔ اور ملک میں امن کے قیام اور فتنہ و فساد کے دور ہونے کے لئے درد دل سے دعائیں کی جائیں۔

درخواست دعا:۔ لیگوس (مغربی افریقہ) جناب حکیم فضل الرحمٰن صاحب مبلغ سلسلہ عالیہ احمدیہ بذریعہ تار اطلاع فرماتے ہیں کہ نہایت اہم اور دیرینہ مقدمہ جو مخالفین نے ہمارے خلاف کھڑا کر رکھا ہے۔ کی سماعت کی تاریخ مئی کے ابتدائی ایام میں مقرر ہوئی ہے۔ احباب سے درخواست ہے کہ وہ کامیابی کیلئے دعا فرما دیں۔

ہستی باری تعالیٰ
پر
ایک سائنسدان کے سات دلائل

از مکرم عبد الرحمٰن خاں صاحب بی کام لاہور

اے کریزی موریسن سابق پریذیڈنٹ نیویارک اکیڈمی آف سائنس امریکہ نے ایک نہایت دلچسپ چھوٹی سی کتاب لکھی ہے۔ (Man Does not Stand Alone) جس میں انہوں نے نہایت سلیس اور عام فہم زبان میں خدا تعالیٰ کی ہستی پر سائنسدان ہونے کی حیثیت سے روشنی ڈالی ہے۔ کہ کس طرح موجودہ سائنس کی ترقی اور نظریات ان کو خدا کی ہستی ماننے پر مجبور کر رہے ہیں۔ ان میں کوئی دلیل نئی نہیں۔ مگر ان سے یہ ضرور ثابت ہوتا ہے کہ جو چیز اسلام پیش کرتا ہے۔ اور جس کی وضاحت بارہا ہمارے لٹریچر میں ہو چکی ہے۔ وہی دلائل مغربی سائنسدان "جام نو" میں پیش کر رہے ہیں۔ قارئین "الفضل" کی ضیافتِ طبع کے لئے ان کا ملخص درج ذیل کیا جاتا ہے:۔

ابھی تک ہم سائنس کی ابتدائی ترقیات کے دور سے گذر رہے ہیں۔ علم و حکمت کی ہر نئی ضیا پاشی اس خالق مطلق کی حکمت اور صنعت خالقیت کو عیاں کرتی جا رہی ہے۔ ڈارون نے آج سے نوے سال پیشتر یہ نظریہ پیش کیا تھا۔ کہ انسان بتدریج حیوان سے انسان بنا۔ یہ نظریہ ارتقا سائنس کی بڑی دریافت سمجھا جاتا رہا۔ مگر یہ سب مبنی بر قیاس تھا۔ اس کے بعد اس وقت تک بیش بہا اور عظیم ترین ایجادات اور انکشافات ہوئے ہیں۔ اور یہ حقیقت زیادہ روشن ہوتی جا رہی ہے۔ کہ ہماری تحقیقات اور مبنی بر علم ایمان ہمیں خدا تعالیٰ کی ہستی کے احساس کے قریب تر لے جا رہا ہے۔ اس کے لئے سات دلائل ہیں۔

پہلی دلیل

غیر متزلزل اور غیر مبہم قوانین قدرت کا تناسب ربط اور تسلسل ظاہر کرتا ہے۔ کہ اس نظام کائنات کو چلانے والی ایک بالا و اعلیٰ ہستی ہے۔ اور یہ محض اتفاق کا نتیجہ نہیں۔ آپ ایک سے دس تک نشان (نمبر) لگا کر دس سکے جیب میں ڈال کر ہلا دیں۔ اب جیب میں ہاتھ ڈال کر بالترتیب یعنی پہلے ایک اور پھر دو اور اس کے بعد تین نمبر والے سکے اور ایسے دس نمبر والے سکے تک نمبروں کے ترتیب سے نکالنے کی کوشش کریں۔ آپ جانتے ہیں کہ پہلی بار نمبر ا کے نشان والے سکے کے نکلنے کا دس میں سے ایک امکان ہے۔ پھر ایک اور دو نمبر والے سکے کے ترتیب سے نکلنے کا سو میں سے ایک امکان ہے۔ ایک دو اور پھر تین کے علی الترتیب نکلنے کا ہزار میں سے ایک امکان ہے۔ اور اس طرح ایک سے دس تک سب سکوں کا نمبروار نکلنے کا ارب ہا ارب میں ایک بھی امکان نہیں۔ اس مثال کو سامنے رکھ کر قانون قدرت کا مشاہدہ کریں۔ تو اس نظریہ کی قلعی کھل جاتی ہے۔ کہ یہ کائنات محض اتفاق کا نتیجہ ہے۔

اس دنیا میں زندگی قائم رکھنے کے لئے جن حالات اور ماحول کا ہونا ضروری ہے۔ ان میں اس قدر ربط اور تسلسل کا محض اتفاقیہ ہونا مضحکہ خیز معلوم ہوتا ہے۔ زمین اپنے محور کے گرد ایک ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے گھومتی ہے۔ اگر اس کی بجائے ایک سو میل فی گھنٹہ کی رفتار سے گھومنا شروع ہو جائے۔ تو دن اور رات موجودہ صورت سے دس گنا لمبے ہو جائیں۔ دن میں سورج کی متواتر گرمی سے کھیتیاں اور ہر طرح کی سبزی جل کر تباہ ہو جائے۔ اور اس شب درازی میں سردی کی وجہ سے زمین میں سبزہ اگانے کی صلاحیت جاتی رہے۔ سورج ہماری کائنات میں زندگی کا منبع ہے اس میں ۱۲۰۰۰ ڈگری فارن ہائیٹ گرمی ہے۔ اور ہماری زمین سے اتنے مناسب فاصلہ پر ہے کہ یہ آگ ہمیں جتنی گرمی کی ضرورت ہے۔ تقریباً اتنی ہی پہنچاتی ہے۔ اگر سورج کی آدھی گرمی کم ہو جائے۔ تو ہم یخ بستہ ہو جائیں۔ یا اگر یہ گرمی اس سے آدھی اور زیادہ ہو جائے۔ تو ہمارے بھوننے کے لئے کافی ہو جائے۔

زمین ایک طرف ۲۳ ڈگری کے زاویہ پر جھکی ہوئی سورج کے گرد گھومتی ہے۔ اس جھکاؤ کی وجہ سے مختلف موسم پیدا ہوتے ہیں اگر یہ نہ ہوتا تو بحر منجمد شمالی و جنوبی کی یخ بستہ ہوائیں ساری دنیا پر چھا کر اسے کرۂ زمہریر بنا دیں۔ چاند کی وجہ سے سمندر میں مدوجزر پیدا ہوتا ہے۔ اگر چاند موجودہ فاصلہ کی بجائے پچاس ہزار میل پر ہوتا۔ تو سمندر میں اس شدت کے مدوجزر پیدا ہوتے۔ کہ ان کی لہریں اونچے اونچے پہاڑوں سے ٹکراتیں۔ اور ساری دنیا دن میں دو دفعہ سمندر کی لہروں میں غسل کرتی۔ اگر زمین کی تہ صرف دس فٹ اور گہری ہوتی۔ تو دنیا کا نقشہ ہی اور ہوتا۔ آکسیجن (جس پر زندگی کا مدار ہے) ناپید ہو جاتی۔

اگر سمندر کچھ اور گہرا ہوتا۔ تو کاربن ڈائی آکسائیڈ اور آکسیجن ان میں حل ہو جاتی۔ سبزہ اور زندگی کا پیدا ہونا ناممکن ہو جاتا۔ یا اگر ہمارا کرہ ہوائی اور رقیق ہوتا۔ تو بعض ستارے جو ٹوٹ کر فضا میں ہی جل کر ختم ہو جاتے ہیں۔ ہر روز لاکھوں کی تعداد میں زمین کے مختلف حصوں میں گر کر جگہ جگہ آگ لگا دیتے۔ تناسب اور ربط کے ان اور ایسے ہزارہا مشاہدات کی روشنی میں ارب ہا ارب میں سے ایک بھی امکان نہیں۔ یہ سب ترتیب اور اعتدال محض حسنِ اتفاق سے ہے (اللہ تعالیٰ بھی فرماتا ہے۔ (۱) ان فی خلق السموٰت والارض واختلاف الیل والنھار لاٰیٰت لاولی الالباب یقیناً آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور اختلاف شب و روز میں عقلمندوں کے لئے نشان ہیں۔ پھر فرمایا (۲) وسخر لکم الیل والنھار والشمس والقمر والنجوم مسخرٰت بامرہ ط ان فی ذالک لاٰیات لقوم یعقلون۔ (نحل ۲۴) اور اس نے تمہارے لئے کام پر لگایا دن اور رات کو اور اس کے حکم سے سورج اور چاند اور ستارے جو خدمت پر مقرر ہیں۔ یقیناً اس میں نشان ہیں ان کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔ مولف)

دوسری دلیل

زندگی کا اپنے مقصد پانے کے لئے صحیح راستہ پر تگ و دو کرنا بھی اس خالق کی ہستی کی دلیل ہے۔ زندگی کیا ہے۔ اس کی اتھاہ گہرائیوں کو ماپنا انسانی طاقت سے باہر ہے۔ نہ تو اس کا وزن ہے۔ اور نہ کوئی حجم۔ لیکن اس کی طاقت بے پناہ ہے۔ ایک چھوٹا سا بیج اندر ہی اندر بڑھ کر چٹانوں تک کو ہلا دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ زندگی۔ پانی۔ خشکی ہوا سب پر حاوی ہے۔ زندگی ایک صانع ہے۔ جو ساری کائنات کو شکل و شباہت بخشتا ہے۔ ایک مصور ہے۔ جو ہر پتے اور ہر پودے میں نقش و نگار اور ہر پھول میں رنگ پیدا کرتا ہے۔ زندگی ایک مغنی ہے جو پرندوں کو شیریں نغمے اور کیڑوں کو بھانت بھانت کی آوازیں سکھاتا ہے۔ زندگی ایک کیمیائی ماہر ہے۔ جو پھلوں و دیگر اشیاء میں ذائقہ اور پھولوں میں نکہت پیدا کرتا ہے۔ (ھو اللہ الخالق البارئ المصور لہ الاسماء الحسنیٰ (سورۃ الحشر ع ۳) وہ اللہ ہے پیدا کرنے والا درست کرنے والا اور صورتیں بنانے والا۔ اسی کے لئے اچھے نام ہیں۔ مولف) ذرا تم اس قطرۂ حقیر (Protoplasm) کا تصور تو کرو۔ جس میں زندگی پیدا کرنے کی قدرت موجود ہے۔ اس قطرہ کی طاقت تمام حیوانات اور نباتات سے اعلیٰ ہے۔ کیونکہ یہی زندگی کا منبع ہے۔ (وجعلنا من الماء کل شیء حی۔ اور ہم نے ہر چیز کو پانی سے زندہ بنایا ہے مولف) زندگی خود اپنے آپ سے پیدا نہیں ہوئی۔ آگ جیسے ہوئے پتھر اور نمکین سمندر ضروریات کو پورا نہیں کر سکتے۔ پھر کونسی بالا ہستی پسِ منظر ہے؟

تیسری دلیل

حیوانات میں مادہ حس کا ہونا اس کے خالق کی ہستی کی دلیل ہے۔ جس نے یہ احساس اس میں ودیعت کیا۔

سالمن مچھلی (Salmon) سمندر میں کئی سال گزار کر بھی پھر اپنے اصلی مسکن دریا جہاں اس کی پیدائش ہوئی ہو۔ واپس پہنچ جاتی ہے۔ اگر راستہ میں کوئی رکاوٹ ہو۔ یا آپ اسے کسی غلط پانی یا دریا میں پھینک دیں۔ تو پھر وہ ہر طرح کی تگ و دو کر کے اور سب رکاوٹوں کے باوجود پانی کے بہاؤ کے مخالف بھی چل کر اپنی منزلِ مقصود پر پہنچ جاتی ہے۔ اس میں اپنے وطن کی طرف مراجعت کا یہ شدید جذبہ کس نے ودیعت کیا ہے؟

اس سے بھی زیادہ تعجب خیز ایک اور مچھلی EELS (ایلز) کے متعلق مشاہدات ہیں۔ یہ مچھلی پیدائش کے بعد سن بلوغ تک اپنے ماحول تالاب یا جھیل یا دریا میں رہتی۔ لیکن جب اپنے "سن بلوغ" کو پہنچتی ہے۔ تو اپنی جائے پیدائش کو جھیل تالاب اور دریاؤں کو چھوڑ کر دور دراز سمندروں میں ہزاروں میل دور چلی جاتی ہیں۔ اور وہاں ہی باقی عمر رہ کر مرکھپ جاتی ہیں۔ ان کے بچے جن کو سوائے چاروں طرف پانی کے کسی اور دنیا کا علم نہیں ہوتا۔ بالغ ہوتے ہی نہ صرف سمندر کے اس کنارے کی طرف چل نکلتے ہیں جس طرف سے ان کے آباؤ آئے تھے۔ بلکہ عین اس تالاب جھیل یا دریا میں پہنچ جاتے ہیں جو ان کے "بزرگوں" کی جائے پیدائش ہوتی ہے۔ امریکہ کی ایسی ایل مچھلی کبھی یورپ میں نہیں پکڑی گئی۔ اور نہ ہی یورپ کی ایل مچھلی امریکہ میں پکڑی گئی۔ سائنس کے نظریات اس عقدہ کو حل نہیں کر سکتے۔ کہ یہ حِس اس مچھلی میں آخر کہاں سے آئی ہے؟

حیوانی حسن تدبیر کی ایک مثال بھی ہے۔ ایک کیڑا WASP (واسپ) گھاس کے کیڑوں کو عین اس جگہ ڈنگ مارتا ہے جس سے وہ بے حس ہو جائیں مگر مریں نہ۔ اور پھر ان کو کسی دور جگہ خوراک کے طور پر رکھتا ہے۔ یہ کیڑا ان بے حس کیڑوں کے نزدیک انڈے دیتا ہے۔ تاکہ جب اس کے بچے نکلیں۔ تو وہ تھوڑا تھوڑا کھا سکیں۔ کیونکہ مردار ان کے لئے زہر قاتل ہوگا۔ اس کے بعد بچوں کی ماں (کیڑا) کہیں اڑ کر مر جاتی ہے۔ اور اپنے بچوں کو کبھی نہیں دیکھتی۔ اگر وہ ایسا نہ کرتی تو آج اس کیڑے کی نسل منقطع ہو جاتی۔ یہ حیرت انگیز طریقہ آخر کس تدبر کا نتیجہ ہے؟ اس حس کا منبع بھی وہی ازلی طاقت ہے۔ ربنا الذی اعطیٰ کل شیٔ خلقہ ثم ھدیٰ (طٰہٰ رکوع ۲) ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر ایک شئے کو اس کی پیدائش بخشی پھر راہنمائی (مؤلف)

چوتھی دلیل

انسان صاحب عقل ہونے کی وجہ سے اشرف المخلوقات ہے اور یہ بھی خدا کی ہستی کی دلیل ہے

کسی اور حیوان میں آج تک دس تک گننے یا سمجھنے کی استطاعت نہیں ہوئی۔ اور یہ صرف اس حیوان ناطق کے کرشمے ہیں کہ سمندروں کے سینوں کو چیر کر ان کا تجزیہ کیا۔ پہاڑوں اور ہوا کی بلندیوں پر پرواز کی۔ نئے سے نئے انکشافات اور ایجادات کی ہیں یہ صلاحیت ایک کریٹی سٹر کی خاصیت رکھتی ہے اور انسان کے دماغ میں ایسی سوں گئی ساز ہیں بہ خود اس قدرت مطلق کے کرشموں کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ ہم اپنی کوشش سے کچھ بھی نہیں۔ جو کچھ بھی ہیں۔ اس آفتاب ازلی سے ایک چنگاری حاصل کئے ہوئے ہیں۔ اللّٰہ نور السمٰوٰت والارض (سورہ نور رکوع ۵) اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ (مؤلف)

پانچویں دلیل

بڑی روح ہستی کے سامان پہلے سے ہی موجود رہتے ہیں نئے انکشافات نے جو ڈارون کے وقت معلوم نہیں تھے خدا کی ہستی کے یقین کو اور بھی مستحکم کر دیا ہے۔ نئے انکشافات نے ثابت کر دیا ہے۔ کہ حقیر سے حقیر حیوانی ذرات میں تمام موروثی صفات بدرجہ اتم موجود ہوتی ہیں۔ یہ ذرات حیوانیہ اتنے چھوٹے ہوتے ہیں۔ تخلیق کا موجب ہوتے ہیں ایک جگہ اکٹھے کر دیئے جائیں۔ تو انگوٹھے کے نیچے آجائیں۔ یہ ذرات تخمونہ اور ان کے ساتھی کروموزوم Chromosoms ہر جاندار بالائی Cell میں موجود ہوتے ہیں۔ اور تمام حیوانات اور نباتات تک میں زندگی کے مظہر ہیں۔ ہر ایک ذرہ مختلف صفات کا حامل ہوتا ہے۔ اور تمام دنیا کے مختلف النوع صفات Charged Tirestiers کئے ہوئے ذرات کا انگوٹھے کے نیچے سما جانا ناممکن معلوم ہوتا ہے۔ مگر آہ یہ حقیقت ہے یہ حقیر ترین ذرۂ تخمونہ کس طرح پشتہا پشت تک کے موروثی صفات کا حامل ہوتا ہے کہ عقل عاجز ہے۔ سائنس دنگ ہے۔ دراصل یہاں سے ہی مسئلہ ارتقاء شروع ہوتا ہے کس طرح وہ ذرات جو انگشت کے نیچے سما جائیں۔ دنیا میں ہر جگہ۔ اور زندگی کی ہر مد میں رواں دواں ہیں؟ یہ سب کچھ اس خالق مطلق ہستی کا بتہ دیتے ہیں۔

چھٹی دلیل

قدرت کی ہر چیز میں توازن اور اعتدال بھی کسی بالا طاقت کی موجودگی کا ثبوت ہے۔

چند سال ہوئے۔ آسٹریلیا میں باڑ لگانے کے لئے ایک پودہ بویا گیا۔ وہاں کی زمین اس کے لئے مناسب تھی۔ یہ پودہ بے تحاشا اور خطرناک طور پر بڑھنے لگا۔ حتیٰ کہ وہ اتنا پھیل گیا۔ جتنا سارے انگلستان کا رقبہ ہے۔ ہزاروں زمیندار زمینوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ اور گھر چھوڑ کر دور چلے گئے۔ ماہرین نباتات نے ہر طرح کے جتن کئے۔ مگر بے سود۔ یہ پودا ایک دفعہ کاٹنے سے پھر پیدا ہو جاتا تھا۔ آخر انہیں ایک کیڑا مل گیا۔ جو دشا گزیدہ محض اس پودے پر گزارا تھا۔ ان کیڑوں کی نسل اس خوراک سے خوب بڑھی اور پھیلی۔ نتیجہ جلد ہی اس پودے کا صفایا ہو گیا۔ اور اب یہ پودہ باڑ کی حد تک محدود ہے۔ قدرت میں ہر جگہ ایسا ہی توازن پایا جاتا ہے۔ ظاہر ہے یہ ترپاق بھی موجود ہوگا۔ جلد جلد بڑھنے والے کیڑے کیوں نہیں دنیا پر چھا جاتے؟ کیونکہ ان کے پھیپھڑے نہیں ہوتے۔ وہ نالی سے سانس لیتے ہیں۔ جب وہ بڑے ہوتے ہیں تو ان کی نالیاں سائز کے مطابق نہیں بڑھتیں۔ اور کبھی نہیں بڑھیں گی۔ اگر یہ ترقی روکاوٹیں ان کے بڑھنے میں حائل نہ ہوں تو انسان کا دنیا میں رہنا دوبھر ہو جاتا۔ اور ہر جگہ کیڑے ہی کیڑے نظر آتے۔ اور کچھ بے محابہ دیتے ہیں۔

پھیلاؤ کی وجہ سے گدھے گدھے جتنے بڑھے ہوتے۔ یما تریٰ فی خلق الرحمٰن من تفٰوت۔ پیدائش رحمان میں کوئی نقص نہ دیکھے گا۔ (مؤلف)

ساتویں دلیل

خدا تعالیٰ کی ہستی کا تصور ہی اس کی ہستی کی دلیل ہے۔

خدا تعالیٰ کی ہستی کا تصور ایک لطیف روحانی احساس ہے۔ جو دیگر حیوانات میں موجود نہیں۔ محض فہم و ادراک سے انسان ان چیزوں کا بھی تصور کر لیتا ہے۔ جو اس نے کبھی نہ دیکھی ہوں۔ اس کے خیالات کی جولانگاہ نہایت وسیع ہے۔ دراصل انسانی کامل بصیرت ایک روحانی حقیقت بن جاتی ہے۔ جب وہ ہر جگہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا ظہور دیکھتا ہے۔ اور وہ خود اس قدرت کا مظہر بن جاتا ہے۔ اس وقت اس کی روحانی بصیرت کا معراج ہوتا ہے۔ جب کہ وہ خود خدا تعالیٰ کو اپنے دل کی دھڑکنوں کے ساتھ محسوس کرتا ہے۔

واعلموا ان اللّٰہ یحول بین المرء وقلبہ (انفال رکوع ۳) اور جان لو کہ اللہ حائل ہوتا ہے۔ درمیان آدمی اور اس کے دل کے (مؤلف)

عبد الرحمٰن خان بی کام پروپرائیٹر اے کے انجینئرز راوی روڈ۔ لاہور

اضافہ حصہ وصیت

مندرجہ ذیل موصی حضرات نے اپنے پیارے آقا حضرت امیر المومنین المصلح الموعود ایدہ اللہ الودود بنصرہ العزیز کے ارشاد کے مطابق اپنے حصہ وصیت میں اضافہ فرمایا ہے۔ فجزاھم اللّٰہ احسن الجزاء فی الدارین خیرا۔

(۱) کیپٹن چوہدری عزیز احمد صاحب پونا پہلے انہوں نے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت کی تھی۔ اب انہوں نے ۱/۹ کی کر دی ہے۔ (۲) والدہ نور محمد صاحب پونا پہلے انہوں نے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت کی تھی اب انہوں نے ۱/۹ کی کر دی ہے۔ (۳) ضیاء الدین صاحب پونا پہلے انہوں نے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت کی تھی اب انہوں نے ۱/۹ کی کر دی ہے۔ (۴) مصباح الدین صاحب پونا پہلے انہوں نے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت کی تھی۔ اب انہوں نے ۱/۹ کر دی ہے۔

(سیکرٹری بہشتی مقبرہ)

جماعتہائے احمدیہ ریاست بہاولپور کیلئے ضروری اعلان

علاقہ ریاست بہاولپور میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے متعدد مقامات پر احمدیہ جماعتیں قائم ہیں۔ مگر نہ تو ریاست کے اندر ان کا کوئی مرکزی مقام ہے اور نہ ہی ایسی تنظیم ہے جس سے مرکزی تحریکات خوش اسلوبی کے ساتھ ان جماعتوں تک پہنچائی جا سکیں۔ اس کی وجہ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے کہ ریاست کا علاقہ وسیع ہے۔ اور وسائل آمد و رفت کم ہیں۔ اور مختلف علاقے ایک دوسرے سے کٹے ہوئے ہیں۔ حال ہی میں مولوی محمد طفیل صاحب انسپکٹر بیت المال [illegible] متعدد مقامات کا دورہ [illegible] گئے علاوہ ازیں مولوی محمد سلیم صاحب مولوی فاضل مبلغ نظارت دعوت و تبلیغ کو بھی نظارت علیا کی طرف سے بعض انتظامی امور کے سلسلہ میں اس علاقہ میں بھیجا گیا تھا۔ ان ہر دو اصحاب کی رپورٹوں سے معلوم ہوا ہے کہ تنظیمی لحاظ سے اس علاقہ کی جماعتیں بہت پیچھے ہیں۔ اس لئے مندرجہ ذیل تجاویز نظارت علیا کی طرف سے بغرض استصواب آراء شائع کی جاتی ہیں۔ جو جماعتیں یا احمدی افراد ان تجاویز کے متعلق کوئی رائے دینا چاہیں [illegible] ناظر [illegible] صدر انجمن احمدیہ قادیان کے نام بھجوا دیں۔

پہلی تجویز یہ ہے کہ ریاست بہاولپور کی تمام احمدیہ جماعتوں کا امیر ہو۔ جیسا کہ پنجاب میں بعض ضلعوں میں ضلعوار اور پنجاب کے باہر بعض علاقوں میں صوبائی امیر مقرر ہیں۔

دوسری تجویز یہ ہے کہ اس ریاست کو اس طرز پر متعدد (مثلاً تین یا چار) حلقوں میں تقسیم کیا جائے کہ ہر حلقہ میں ریاست کے امیر کے ماتحت ایک نائب امیر ہو جو اپنے حلقہ کی جماعتوں کا نگران ہو اور امیر کے سامنے ذمہ دار اور جوابدہ ہو۔ اس سلسلہ میں نظارت علیا تجویز کے طور پر مناسب سمجھتی ہے کہ ایک نائب امیر ضلع بہاولنگر میں۔ دوسرا نائب امیر ضلع بہاولپور میں۔ اور تیسرا نائب امیر ضلع رحیم یار خاں میں ہو۔ اسی طرح اگر ضرورت ہو تو کسی چوتھے مقام میں چوتھا نائب امیر بھی مقرر کیا جا سکتا ہے۔ غرض یہ ہے کہ تمام احمدیہ جماعتیں اور افراد اس تنظیم کے اندر آجائیں۔ امیر اور نائب امیروں کے صدر مقامات کا فیصلہ خود جماعتیں کریں۔ یعنی اس بات کا فیصلہ کر دیں کہ امیر کا صدر مقام ریاست کے اندر کہاں ہو [illegible] کے ماتحت اگر تین یا چار نائب امیر [illegible] کہاں کہاں ہوں [illegible] جن کو ان کے مرکزی [illegible] اور ہر ایک نائب امیر کے حلقہ میں کون [illegible] احمدیہ جماعتیں شامل ہوں گی۔

تیسری تجویز یہ ہے کہ احباب کی طرف سے آراء آنے کے بعد جب نظارت علیا کی طرف سے امیر اور نائب امیروں کے انتخاب کیلئے اعلان ہو۔ تو ریاست کی جماعتوں کے نمائندے کسی ایک مقام پر جمع ہو کر ان کا انتخاب کریں۔ اس تعلق میں جماعتوں کو [illegible] ان کی رائے میں کونسا مقام اس غرض کیلئے مناسب ہے۔ یعنی جماعتوں کے نمائندے کسی مقام پر جمع ہو کر امیر اور اس کے نائبوں کا انتخاب کریں۔ فی الحال ان تینوں تجویزوں کے متعلق احباب کو اپنا مشورہ لکھ کر بھجوانا چاہئے۔ اس کے لئے زیادہ سے زیادہ آخر مئی تک انتظار ہے۔

اشتہارات کے ریٹ

صدر انجمن احمدیہ نے الفضل میں شائع ہونے والے اشتہارات کے جو ریٹ مقرر کئے ہیں۔ وہ مشتہرین کی آگاہی اور سہولت کے لئے درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

اشتہارات کے مخصوص صفحات کے ریٹ

¼ کالم ۔۔۔ ۵ روپے ایک بار
نصف کالم ۔۔۔ ۹ " "
ایک کالم ۔۔۔ ۱۶ " "
دو کالم (نصف صفحہ) ۔۔۔ ۳۰ روپے "
چار کالم (پورا صفحہ) ۔۔۔ ۵۰ " "

مضامین کے صفحات میں شائع ہونیوالے اشتہارات

¼ کالم ۔۔۔ ۷ روپے ایک بار
½ " ۔۔۔ ۱۲ " "
۱ کالم ۔۔۔ ۲۲ " "
۲ کالم (نصف صفحہ) ۔۔۔ ۴۰ " "
۴ کالم (پورا صفحہ) ۔۔۔ ۷۰ " "

آخری صفحہ پر شائع ہونیوالے اشتہارات

¼ کالم ۔۔۔ [illegible] روپے ایک بار
½ " ۔۔۔ ۱۵ " "
۱ کالم ۔۔۔ ۲۷ " "
۲ کالم (نصف صفحہ) ۔۔۔ ۵۰ روپے
۴ کالم (پورا صفحہ) ۔۔۔ ۹۰

پہلے صفحہ پر شائع ہونیوالے اشتہارات

فی مربع انچ ۔۔۔ ۲ روپے

کمیشن یعنی ڈسکاؤنٹ کا ریٹ مندرجہ ذیل ہے

۶ صفحہ سے دس صفحہ تک اشتہارات دینے والوں کو ۵ فیصدی

صفحات	فیصدی
۶ سے ۲۰ تک	۵
۲۱ سے ۳۵ تک	۷½
۳۶ سے ۵۰ تک	۱۰
۵۱ سے ۷۵ تک	۱۲½
۷۶ سے ۱۰۰ تک	۱۵
۱۰۱ سے ۱۵۰ تک	۱۷½
۱۵۱ سے ۲۰۰ تک	۲۰
۲۰۱ سے ۲۵۰ تک	۲۲
۲۵۱ سے ۳۰۰ تک	۲۵

مینیجر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

تحریکِ جدید کی پانچ ہزاری فوج

جنہوں نے اپنے وعدے ۳۱ مارچ تک سو فی صدی ادا کر لئے

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وہ پانچہزاری فوج جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ۱۸۹۱ء کی ایک پیشگوئی کے پورا کرنے میں حصہ لے رہی ہے۔ اس کے وہ مخلص اور جانباز بہادر سپاہی جو تحریک جدید کے دفتر اول کے تیرھویں سال یا دفتر دوم کے سال سوم کے وعدے سو فی صدی ۳۱ مارچ تک حضور کے پیش کر چکے ہیں۔ اور ان کے نام حضرت کے حضور دعا کے لئے پیش ہو چکے ہیں۔ وہ نام اس لئے شائع کئے جا رہے ہیں کہ تحریک جدید کی طرف سے جو واقف زندگی بیرونی ممالک میں ہزاروں میل وطن سے دور اور غیر زبان کے ماحول میں پیغام حق پہنچانے میں رات دن مصروف عمل ہیں۔ ان پردیسی واقفین کے اخراجات کا ذمہ آپ نے اپنے وعدوں کی صورت میں لیا ہے اور ان وعدوں کے پورا ہونے پر ہی بیرونی ممالک کے مبلغوں کو اخراجات بھیجے جاتے ہیں۔ اگر وعدوں کی رقوم بر وقت وصول نہ ہوں تو ظاہر ہے کہ حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کو وعدے کی رقوم بر وقت نہ ملنے کے سبب کسقدر تکلیف کا سامنا ہے پس آپ کا فرض ہے کہ تحریک جدید کے اپنے وعدے کو جلد سے جلد ادا کریں۔

آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ بیرون ہند کی تبلیغی سکیم کے کامیاب کرنے کے لئے بیسیوں واقفین جا چکے ہیں اور کئی ایک جانے کیلئے تیار بیٹھے ہیں۔ ان کے اخراجات بھی آپکے وعدوں پر منحصر ہیں۔ پس آپ نہ صرف اپنا وعدہ ہی جلد سے جلد ادا فرمائیں۔ بلکہ اپنے موجودہ وعدہ میں اضافہ کر کے ادا فرمائیں۔ یہ اسلئے کہ واقفین کے اخراجات اندازہ سے زیادہ بڑھ گئے ہیں۔ اب ان کا پورا کرنا بہرحال تحریک جدید کے مجاہدین پر فرض ہے۔ آپ کو آج سے ہی یہ کوشش کرنا ضروری ہے کہ آپ کے وعدہ کی رقم **بہرحال ۳۱ مئی سے پہلے مرکز میں پہنچ جائے۔** وہ احباب جن کے وعدے جون۔ جولائی اگست کے ہیں اور وہ جن کا وعدہ دوران سال کا ہے یا وہ جنہوں نے گذشتہ کسی مہینہ میں دینے کا کہا تھا۔ مگر سالم یا اس کا کچھ قابل ادا ہے۔ وہ بھی کوشش فرماویں کہ **۳۱ مئی** تک اپنا وعدہ پورا کر لیں۔ تا وہ اپنے مقدس امام کی دعا اور خوشنودی حاصل کرنے والے ہوں۔

فہرست ان مجاہدین کی جنہوں نے دفتر اول کے تیرھویں سال کے وعدے سو فیصدی پورے کئے۔

نام	رقم
سیدہ حضرت ام المومنین مدظلہا العالی قادیان	400/-
صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب سلمہ اللہ "	220/-
سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ " "	200/-
صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب " "	201/-
سیدہ آمنہ بیگم صاحبہ " "	100/8
صاحبزادہ مرزا مجیب احمد صاحب	10/8
چوہدری فتح محمد صاحب سیال ایم۔ اے	190/-
" مظفر الدین صاحب بی۔ اے۔ مبلغ	36/-
رشیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ "	22/-
مولوی نذیر احمد صاحب مبشر مبلغ	50/-
مولوی عبد الرحمن خانصاحب بکڈپو	8/-
مولوی محمد حسین صاحب مبلغ	17/-
امیر احمد صاحب موذن مسجد مبارک	51/-
سراج دین " مسجد اقصیٰ	6/-
حکیم فیروز دین صاحب انسپکٹر بیت المال	11/-
شیخ فضل احمد صاحب دفتر محاسب	17/-
مولوی حکیم شیر محمد صاحب مرحوم بذریعہ مولوی شیر علی صاحب	6/2
رسول بی بی والدہ ولی محمد صاحب	21/3
ثریا طاہرہ بنت ڈاکٹر عبد الرحمن صاحب موگا	6/2
قاضی محمد عبد اللہ صاحب ناظر ضیافت	135/8
" منجانب امۃ الرشید بیگم اہلیہ "	15/8
امۃ الوہاب بیگم بنت " "	10/8
نواب بیگم صاحبہ " "	5/8
امۃ الرحمن صاحبہ " "	20/8

نام	رقم
منشی الطاف حسین صاحب محرر	32/-
زینب بیگم صاحبہ بنت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب	35/-
لیڈی ڈاکٹر غلام فاطمہ صاحبہ نور ہسپتال	150/-
مولوی محبوب عالم صاحب خالد	49/-
" " منجانب والدہ مرحومہ	17/8
" " نصرت جہاں بیگم اہلیہ	10/-
صوفی محمد ابراہیم صاحب B.Sc.	56/-
ماسٹر نور الٰہی صاحب محلہ دار الفضل	14/-
ماسٹر نذیر حسین صاحب معہ اہلیہ	11/8
" محمد بخش صاحب	12/-
" عبد الکریم "	6/8
" قادر بخش صاحب	6/4
مولوی عبد الرحمن صاحب فاضل مدرسہ احمدیہ	35/-
مولوی ارجمند خانصاحب جامعہ احمدیہ	12/-
استانی صادقہ بیگم صاحبہ گرلز سکول	16/-
سردار النساء صاحبہ	5/2
ڈاکٹر سعید خالد صاحب دفتر تبشیر	30/-
ملک بشارت احمد صاحب [illegible]	35/-
مولوی عبد الکریم صاحب فاضل واقف	25/-
میاں عبد الحی صاحب سنگاپور	16/-
اقبال احمد صاحب آئرن مٹیل	8/-
سید ظفر احمد صاحب واقف	26/-
ریحانہ بنت ظریف صاحب	21/-
سید ظہور حسین صاحب مرحوم	7/-

نام	رقم
فضل الٰہی صاحب بشیر واقف	36/-
ایم سلطان احمد صاحب پیرکوٹی	26/-
قریشی فیروز محی الدین صاحب	6/6
حکیم محمد اسمٰعیل صاحب	13/-
ڈاکٹر بدر الدین صاحب محلہ دار الرحمت	119/8
" " منجانب اہلیہ صاحبہ	68/-
" " " بچگان	30/-
شیخ فضل حق صاحب ہیڈ گارڈ	36/-
ڈاکٹر رحیم بخش صاحب معہ اہلیہ	66/-
سیدہ خاتون صاحبہ محلہ دار الرحمت	11/-
عبد الحمید صاحب جنجوعہ "	65/-
مولوی عبد الحق صاحب بدوملہی	45/-
صوبیدار مرزا محمد خان صاحب	203/-
" منجانب احمد دین صاحب والد	6/2
" " غلام فاطمہ والدہ صاحبہ	6/2
" " پیر اندتہ صاحب خسر	6/2
مولوی غلام مصطفیٰ صاحب بدوملہی	30/-
خانصاحب مولوی فرزند علی خانصاحب	250/-
ڈاکٹر عبد الحکیم صاحب معہ اہلیہ	10/2
خواجہ عبید اللہ صاحب پنشنر S.D.O.	210/-
منشی نور الدین صاحب کاتب	17/-
میاں محمد حسین خانصاحب ٹیلر ماسٹر	5/8
ملک غلام حسین صاحب	5/6
چوہدری مبارک علی صاحب دوکاندار	7/0

نام	رقم
خواجہ عبد الرحمن صاحب محلہ دار الرحمت	35/-
ڈاکٹر محمد بخش صاحب "	13/-
